### بقیہ روزنامہ تشکر 1

کے قریب یہ حادثہ اس وقت ہوا جب پائلٹ فضائی کرتب دکھا رہا تھا۔ طیارہ اچانک کنٹرول سے باہر ہوا اور زمین سے ٹکرا کر شعلوں میں تبدیل ہو گیا۔ فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا تاہم پائلٹ کو بچایا نہ جا سکا اور وہ جاں بحق ہو گیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حادثے کی وجہ تکنیکی خرابی بتائی جا رہی ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ چند روز قبل بھی اسی تیجس طیارے سے تیل کے رسا کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، جس نے اس کے معیار پر سوالات اٹھائے تھے۔ بھارتی فضائیہ نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے پائلٹ کی ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ حادثے کے بعد ایئر شو کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا اور تحقیقات کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ دہائیوں سے بھارتی میڈیا اور سیاست میں مقامی صلاحیتوں کی دھوم مچی ہوئی تھی، اور بھارتی حکام نے ہر موقع پر ان دعوؤں کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا۔ مگر ایک لمحے میں وہ سب کچھ خاک میں مل گیا جب تیجس زمین سے ٹکرا گیا۔ بھارت کا 83 بلین ڈالر کا دفاعی بجٹ جسے دفاعی ترقی کا سرچشمہ سمجھا جاتا تھا، اب ملبے کی صورت میں بکھرا نظر آیا۔ یہ حادثہ محض ایک طیارے کا حادثہ نہیں تھا؛ بلکہ یہ بھارتی فوج کے مجموعی زوال کی عکاسی کرتا تھا یہ ظاہر کرتا ہے کہ ادارہ جاتی کمزوریوں نے ان کی ساکھ کو نقصان پہنچایا ہے۔ بھارت جس طیارے کو مقامی صلاحیت کے طور پر پیش کر رہا تھا، اس میں درحقیقت حفاظت اور معیار کی کمی نظر آئی۔ امریکی کانگریس کی رپورٹ پہلے ہی بھارت کی دفاعی خریداریوں میں کرپشن اور عدم شفافیت کی نشاندہی کر چکی تھی۔ یہ حادثہ اس رپورٹ کی حقیقت کی تصدیق کرتا ہے۔ تیجس کے حادثے کے دوران دیکھا گیا کہ طیارے میں ساختی کمزوریاں اور تکنیکی نقائص موجود تھے، جنہیں نظرانداز کر کے طیارے کو اڑانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس حادثے نے ایک اور حقیقت کو عیاں کیا کہ بھارت کا دفاعی نظام بیوروکریسی اور سیاسی مداخلت کے اثرات سے شدید طور پر متاثر ہے جہاں تاثر اور تشہیر حقیقت سے کہیں زیادہ اہم سمجھے جاتے ہیں۔ دبئی ایئر شو میں بھارت نے اپنے فوجی دفاعی نظام کی نشاۃ ثانیہ دکھانے کی کوشش کی تھی، لیکن جو کچھ سامنے آیا، وہ ایک بگڑتے ہوئے فیصلہ سازی، انجینیئرنگ چین اور کمانڈ ڈھانچے کی غمازی کرتا تھا۔ تیجس کا حادثہ ایک واضح یاددہانی ہے کہ میڈیا کی جھوٹی بڑائی، تشہیری مہم یا بیانیہ سازی کسی بھی نظام کی حقیقی حالت کو نہیں چھپا سکتی۔ دوسری جانب دبئی ایئر شو میں انڈین لڑاکا طیارہ تیجس گر کر تباہ ہونے کے واقعے میں ایک پائلٹ بھی ہلاک ہو گیا۔ مودی سرکار کی بڑھکیں ایک بار پھر بھارتی فوج کے لیے نہ صرف جانی بلکہ مالی نقصان کا باعث بھی بن گئیں جب کہ عالمی سطح پر سبکی کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ بھارتی فضائیہ کے تیجس لڑاکا طیارے میں اس وقت آگ بھڑک اٹھی تھی جب وہ فضا میں کرتب دکھا رہا تھا۔ طیارہ دیکھتے ہی دیکھتے زمین بوس ہو گیا اور جل کر خاکستر ہو گیا۔ خیال رہے کہ 'تیجس' بھارت کا پہلا مکمل طور پر دیسی ساختہ لڑاکا طیارہ ہے۔ ایک انجن والے طیارے کے 50 فیصد سے زیادہ حصے بھارت ہی میں تیار کیے جاتے ہیں۔ تیجس طیارے کی بھارت میں تیاری بھی نااہلی اور غفلت پر مبنی ایک دلچسپ کہانی ہے اور بارہا تیاری مکمل ہونے کے دعوے بھی کیے گئے جو ہمیشہ غلط ثابت ہوئے۔ یہ پراجیکٹ پیشہ ورانہ مہارت اور درکار قابلیت کے نہ ہونے کے باعث مدتوں تاخیر کا شکار رہا یہاں تک کہ بھارتی فضائیہ نے پرانے طیارے استعمال کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ جیسے تیسے تیجس طیارہ تیار تو ہو گیا اور گزشتہ برس بھارتی فضائیہ کے بیڑے میں شامل بھی ہوا لیکن آج دبئی ایئر شو میں خزاں رسیدہ پتے کی طرح جھڑ کر زمین بوس ہو گیا۔ بھارتی فضائیہ نے دعویٰ کیا تھا کہ وزن میں ہلکے اس طیارے میں مقامی سطح پر تیار کیا گیا ریڈار نصب ہے اور انجن پاور بھی شاندار ہے۔ مودی سرکار کے دعوؤں کے بقول یہ طیارہ آٹھ سے نو ٹن وزن لے جا سکتا ہے اور 52 ہزار فٹ کی بلندی پر بھی آواز کی رفتار سے 1.8 گنا تک تیزی سے سفر کر سکتا ہے۔ بھارتی وزارت دفاع کے بقول 83 تیجس طیاروں کی کھیپ کی مجموعی مالیت 45،696 کروڑ بھارتی روپے ہے یعنی تیجس مارک 1 اے لڑاکا طیارے کی لاگت قریب 550 کروڑ روپے ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 2

ترقی کے بغیر ممکن نہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کاروبار میں آسانی اور سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے اقدامات حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ ملکی صنعتی ترقی کے لیے نجی شعبے کی تجاویز کلیدی اہمیت رکھتی ہیں۔ کاروباری حضرات کی جانب سے صنعتی ترقی کے لیے عرق ریزی سے تجاویز تیار کی گئیں، جو لائق تحسین ہیں۔ ان تجاویز کا بغور مشاہدہ کر کے عملدر آمد کا لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستانی کاروباری برادری نے مشکل وقت میں حکومتی پالیسیوں کا ساتھ دیا اور ملک کو معاشی بحرانوں سے نکالنے میں معاونت کی۔ اللہ کے فضل و کرم سے ملک کی معاشی سمت بہتر اور ملک ترقی کی جانب گامزن ہے، مگر ملکی ترقی کے لیے ہمیں مزید محنت کرنا ہو گی۔ وزیراعظم کی صدارت میں ہونے والے ملکی صنعتی ترقی پر نجی شعبے کی قائم کردہ کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، جام کمال خان، احد خان چیمہ، علی پرویز ملک، وزیراعظم کے مشیر محمد علی، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاونِ خصوصی ہارون اختر اور ثاقب شیرازی کی قیادت میں صنعتی ورکنگ گروپ میں شامل صنعتکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس کو پاکستان کی صنعتی ترقی اور ملک میں سرمایہ کاری میں اضافے کے لیے پالیسی تجاویز پیش کی گئیں۔ اس موقع پر ملکی صنعت کی مسابقت میں اضافے کے لیے خطے کے ممالک سے موازنہ بھی پیش کیا گیا۔ وزیراعظم نے معیشت کے دیگر شعبوں کے حوالے سے سفارشات کے ساتھ نئی تجاویز کو سراہتے ہوئے انہیں قومی پالیسی فریم ورک میں شامل کرنے کی ہدایت کی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 3

جوائنٹ تمام افسران تبدیل کر دیے۔ سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے وزیراعظم کی اپروول سے اپنی ٹیم تشکیل دی ہے، سیدہ شفق ہاشمی جوائنٹ سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن تعینات کر دی گئیں۔ ایڈمنسٹریٹو سروس گریڈ 19 کی سیدہ شفق ہاشمی جوائنٹ سیکریٹری سینیٹ سیکرٹریٹ خدمات سرانجام دے رہی تھیں۔ جوائنٹ سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نائلہ باقر کی خدمات ہاؤسنگ اینڈ ورکس ڈویژن کے سپرد کر دی گئیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 4

عمل قرار دیا اور پروفیشنلزم کے ساتھ قوم کی رہنمائی جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ طلبا اور اساتذہ نے پاک فوج کے پیشہ ورانہ معیار اور قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے عہد کیا کہ وطنِ عزیز کی ترقی اور استحکام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 5

کر دیا۔ اسی طرح سکیورٹی فورسز نے ڈی آئی خان میں بھی آپریشن کیا۔ آپریشن میں 3 فتنہ الخوارج کو ہلاک کر دیا گیا۔ علاقے میں دہشتگردوں کی ممکنہ موجودگی کے پیش نظر کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سکیورٹی فورسز بھارت کی حمایت یافتہ دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے پرعزم ہیں، سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 6

امریکا سے اینٹی ٹینک میزائل سمیت 9 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کا اسلحہ خریدے گا۔ خبر رساں ایجنسی رائٹرز کے مطابق امریکا کے اسلحہ پیکج میں جیولن اینٹی ٹینک میزائل سسٹم اور ایکس کیلیبر گائیڈڈ آرٹلری ہتھیاروں کی فروخت شامل ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق بھارت کو جدید دفاعی ساز و سامان کی فروخت کی منظوری دے دی گئی جس کے نتیجے میں بھارت 9 کروڑ 30 لاکھ ڈالر مالیت کے جیولن اینٹی ٹینک سسٹم اور ایکسکیلیبر گائیڈڈ آرٹلری خریدے گا۔ بدھ کو جاری بیان میں امریکی ڈیفنس سکیورٹی کوآپریشن ایجنسی (ڈی ایس سی اے) نے تصدیق کی کہ ڈیل امریکا کے فارن ملٹری سیلز (FMS) پروگرام کے تحت منظور کی گئی ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 7

دورے پر ہیں، جہاں انہوں نے چوتھے یورپی یونین انڈو پیسفک فورم میں شرکت کی اور یورپی یونین کے عہدیداران سے ملاقاتیں کیں۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے ہنگری کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماں نے ہنگری میں طلبہ کے لیے وظائف پر ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے۔ اس کے علاوہ اسحاق ڈار نے ڈینش، سلوانین اور ڈچ وزرائے خارجہ سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے بتایا کہ یورپی یونین سے قبل وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے 17 تا 18 نومبر ماسکو کا دورہ کیا، جہاں وہ ایس سی او کے سربراہان حکومت کے اجلاس میں شریک ہوئے۔ وزیر خارجہ نے ماسکو میں روسی صدر، وزیراعظم اور وزیر خارجہ سے ملاقاتیں بھی کیں۔ انہوں نے ایس سی او اجلاس میں افغانستان سے تعلقات پر تبادلہ خیال کیا، بعدازاں ایس سی او نے اکنامک کوآپریشن پر جوائنٹ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ اسرائیلی افواج کی مقبوضہ مغربی کنارے میں جارحیت اور مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ بھارت میں لال قلعہ بم دھماکوں میں بڑی تعداد میں گرفتاریاں ہوئیں۔ زیادہ تر گرفتار شدہ افراد کا تعلق بھارتی مقبوضہ کشمیر سے ہے۔ بھارت مسلسل مقبوضہ کشمیر میں آبادی کے تناسب میں تبدیلی کی کوششیں کر رہا ہے۔ پاکستان عالمی برادری، اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورمز سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں پر نوٹس لینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ حسینہ واجد کو سنائی گئی پھانسی کی سزا پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ بنگلا دیش کا اندرونی معاملہ ہے۔ بنگلا دیش کا اپنا آئین اور قانون موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ بارڈر بندش اور تجارت پر پالیسی برقرار ہے۔ اس کی وجہ افغان طالبان ہیں جو دہشت گردوں کو سپورٹ کر رہے ہیں۔ طالبان ان افغان شہریوں کو بھی روکیں جو پاکستان میں دہشتگردی کر رہے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ ہم نے افغانستان کے ساتھ تجارت معطل کی ہے، جس کی وجہ افغانستان کی جانب سے دہشتگردوں کو سپورٹ کرنا ہے۔ افغانستان کی سرزمین مسلسل پاکستان کے خلاف دہشتگردی میں استعمال ہو رہی ہے۔ افغان شہری افغانستان کی سرزمین سے مسلسل پاکستان پر حملہ اور ہو رہے ہیں۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان ترک صدر کے ثالثی وفد پر بیان کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ترک وفد کا دورہ نائب صدر کے غیر ملکی دوروں کی وجہ سے التوا کا شکار ہوا۔ بہت سے ممالک نے پاکستان افغان ثالثی کی بات کی ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 8

کے لیے اقدامات کرنا، بھارتی فوج میں ان تبدیلیوں کی عکاسی کرتا ہے جو فوجی غیر جانبداری کو دھندلا کر رہی ہیں اور افواج کو سیاسی و مذہبی اکثریت پسند ایجنڈے سے جوڑ رہی ہیں۔ بھارتی مسلح افواج میں مذہبی امتیاز اور ہندو قوم پرستی کے بڑھتے ہوئے رجحان کی متعدد مثالیں موجود ہیں جو ہندو قوم پرست علامات، سیاسی کاری اور اقلیتوں کے استثنیٰ کی جانب جانبداری کو ظاہر کرتی ہیں اور سیکولر اور شمولیتی بنیادوں کو ترک کرنے کی عکاسی کرتی ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 9

انہوں نے کہا کہ پراکسی وار میں اب شدت آئی ہے، پراکسی وار 80 کی دہائی میں شروع ہوئی، لاہور اور راولپنڈی میں دھماکے ہوئے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ بھارت کے ساتھ ایک اور جنگ کا خطرہ تھا، مئی کی جنگ کے فوری بعد امکان تھا، بھارت کے ساتھ اب بھی جنگ کا خطرہ ہے، بھارت کے ساتھ جنگ کا خطرہ ٹلا نہیں ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بھارت کے خلاف ہماری فتح کی سرٹیفکیشن امریکا دے رہا ہے، امریکی صدر نے مداخلت کر کے جنگیں بند کروائیں۔ خیال رہے کہ مئی میں معرکہ حق میں پاکستان کے ہاتھوں بھارت کو ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا، پاک فضائیہ نے رافیل سمیت 7 طیارے مار گرائے تھے اور ایس 400 فاعی نظام بھی تباہ کیا گیا تھا۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 10

کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ای سی پی نے آئینِ پاکستان کے آرٹیکل 218(3) اور آرٹیکل 220 کے تحت حاصل اختیارات بروئے کار لاتے ہوئے 23 نومبر 2025 کو منعقد ہونے والے قومی وصوبائی اسمبلی کے ضمنی انتخابات کے دوران سیکیورٹی اور نظم ونسق یقینی بنانے کے لیے پاکستان آرمی، سول آرمڈ فورسز اور مقامی پولیس کی کثیر سطح پر تعیناتی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ وزارتِ داخلہ کی سفارش اور وفاقی حکومت کی منظوری سے 22 تا 24 نومبر 2025 کے دوران پاک فوج اور سول آرمڈ فورسز کو اسٹینڈ بائی، ریسپانس موڈ میں تعینات کیا جائے گا جبکہ رینجرز کو فوری ردعمل یونٹس (QuickReactionForce) کے طور پر تیسری دفاعی مرحلے میں خدمات فراہم کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ اس تعیناتی کا مقصد انتخابی عمل کو شفاف، منصفانہ اور قانون کے مطابق منعقد کروانا اور ہر قسم کی بدعنوانی اور بدنیتی کے امکانات کا سدباب کرنا ہے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ تعینات فورسز کو انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 کی دفعات 4 اور 5 کے تحت مکمل اختیارات حاصل ہوں گے تاکہ انتخابی دنوں کے دوران کسی بھی قانون شکن سرگرمی، ہنگامہ آرائی یا رکاوٹ کو بروقت اور مؤثر انداز میں روکا جا سکے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 11

ایم 4، ایم 16 اور دیگر خودکار جدید اسلحہ شامل ہے، فتنہ الخوارج سے نائٹ ویژن گاگلز اور دیگر جدید آلات بھی برآمد کیے گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق خوارج یہ اسلحہ پاکستان میں قانون نافذ کرنے والوں اداروں کے خلاف استعمال کر رہے ہیں، پکڑے جانے والے ہتھیاروں کی تعداد کہیں زیادہ ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 12

جائے وقوعہ پر پہنچ گئی ہے۔ مقتولین میں دانش، کامران، ولی اللہ، سفیان، محمد نیاز، نعمان اور سفیان شامل ہیں۔ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بنوں میں امن کمیٹی کے دفتر پر فتن الخوارج کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے جاں بحق افراد کی بلندی درجات اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر کی دعا کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ذمہ داران کا تعین کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے کہا کہ امن کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے کے لیے ایسی بزدلانہ کارروائیاں، فتن الخوارج کے پاکستان میں بدامنی کے ناپاک عزائم کو بے نقاب کرتی ہیں، ایسی بزدلانہ کارروائیاں کسی قیمت پاکستانیوں کے حوصلوں کو پست نہیں کر سکتیں۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ ملک دشمن عناصر کی سرکوبی کے لیے پوری قوم متحد ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں کے علاقے میں امن کمیٹی کے دفتر پر فتن الخوارج کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا جبکہ جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کی یہ بزدلانہ کارروائی امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوشش ہے، فتن الخوارج کی ایسی بزدلانہ کارروائیاں عوام کے بلند حوصلے کو غیر متزلزل نہیں کر سکتیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ قوم اور ریاست امن دشمنوں کے سامنے متحد کھڑی ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 13

الزام لگایا کہ عمران خان کی بہنوں سمیت اہلِ خانہ کے ساتھ بدسلوکی کی گئی اور بزرگ خواتین کو جیل کے باہر سڑک پر بٹھایا گیا، جسے انہوں نے انسانی اور اخلاقی اقدار کے منافی قرار دیا۔ انہوں نے خط میں وزیراعلیٰ پنجاب کو چار فوری مطالبات پیش کیے ہیں جن میں عدالتی احکامات پر فی الفور عمل درآمد، بدسلوکی کرنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی، جیل اور پولیس انتظامیہ کو واضح ہدایات جاری کرنا اور ملاقاتوں کے لیے باوقار اور قانونی نظام کے قیام کا مطالبہ شامل ہے۔ سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ عمران خان سابق وزیراعظم اور پی ٹی آئی کے قائد ہیں جن کے مینڈیٹ پر کے پی حکومت قائم ہے۔ وزیراعلیٰ نے پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے پر فوری ایکشن لیا جائے تاکہ سیاسی قیادت اور شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 14

عمل قرار دیا اور پروفیشنلزم کے ساتھ قوم کی رہنمائی جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ طلبا اور اساتذہ نے پاک فوج کے پیشہ ورانہ معیار اور قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے عہد کیا کہ وطنِ عزیز کی ترقی اور استحکام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 15

کر دیا۔ اسی طرح سکیورٹی فورسز نے ڈی آئی خان میں بھی آپریشن کیا۔ آپریشن میں 3 فتنہ الخوارج کو ہلاک کر دیا گیا۔ علاقے میں دہشتگردوں کی ممکنہ موجودگی کے پیش نظر کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سکیورٹی فورسز بھارت کی حمایت یافتہ دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے پرعزم ہیں، سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 16

نے بھارت میں مذہبی تعصب پر رپورٹ جاری کر دی۔ امریکی کمیشن کی رپورٹ کے مطابق بھارت کا سیاسی نظام مذہبی اقلیتوں کے خلاف امتیازی سلوک کو فروغ دیتا ہے، حکمراں جماعت بی جے پی اور آر ایس ایس کے تعلقات امتیازی قوانین کی راہ ہموار کرتے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا ہے کہ قومی اور ریاستی سطح کے قوانین بھارت میں مذہبی آزادی پر سخت پابندیاں لگاتے ہیں، 2014 سے بی جے پی نے بھارت میں فرقہ وارانہ پالیسیوں کو نافذ کیا ہے۔ امریکی کمیشن کی رپورٹ کے مطابق بی جے پی بھارت کو ایک واضح ہندو ریاست بنانیکی کوشش کر رہی ہے، آر ایس ایس کا بنیادی مقصد بھی بھارت کو ایک ہندو ریاست بنانا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا ہے کہ بی جے پی کے لیے آر ایس ایس رضا کار دیتی ہے اور مودی بھی انہیں میں شامل ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 17

دورے پر ہیں، جہاں انہوں نے چوتھے یورپی یونین انڈو پیسفک فورم میں شرکت کی اور یورپی یونین کے عہدیداران سے ملاقاتیں کیں۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے ہنگری کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماں نے ہنگری میں طلبہ کے لیے وظائف پر ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے۔ اس کے علاوہ اسحاق ڈار نے ڈینش، سلوانین اور ڈچ وزرائے خارجہ سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے بتایا کہ یورپی یونین سے قبل وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے 17 تا 18 نومبر ماسکو کا دورہ کیا، جہاں وہ ایس سی او کے سربراہان حکومت کے اجلاس میں شریک ہوئے۔ وزیر خارجہ نے ماسکو میں روسی صدر، وزیراعظم اور وزیر خارجہ سے ملاقاتیں بھی کیں۔ انہوں نے ایس سی او اجلاس میں افغانستان سے تعلقات پر تبادلہ خیال کیا، بعدازاں ایس سی او نے اکنامک کوآپریشن پر جوائنٹ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ اسرائیلی افواج کی مقبوضہ مغربی کنارے میں جارحیت اور مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ بھارت میں لال قلعہ بم دھماکوں میں بڑی تعداد میں گرفتاریاں ہوئیں۔ زیادہ تر گرفتار شدہ افراد کا تعلق بھارتی مقبوضہ کشمیر سے ہے۔ بھارت مسلسل مقبوضہ کشمیر میں آبادی کے تناسب میں تبدیلی کی کوششیں کر رہا ہے۔ پاکستان عالمی برادری، اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورمز سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں پر نوٹس لینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ حسینہ واجد کو سنائی گئی پھانسی کی سزا پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ بنگلا دیش کا اندرونی معاملہ ہے۔ بنگلا دیش کا اپنا آئین اور قانون موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ بارڈر بندش اور تجارت پر پالیسی برقرار ہے۔ اس کی وجہ افغان طالبان ہیں جو دہشت گردوں کو سپورٹ کر رہے ہیں۔ طالبان ان افغان شہریوں کو بھی روکیں جو پاکستان میں دہشتگردی کر رہے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ ہم نے افغانستان کے ساتھ تجارت معطل کی ہے، جس کی وجہ افغانستان کی جانب سے دہشتگردوں کو سپورٹ کرنا ہے۔ افغانستان کی سرزمین مسلسل پاکستان کے خلاف دہشتگردی میں استعمال ہو رہی ہے۔ افغان شہری افغانستان کی سرزمین سے مسلسل پاکستان پر حملہ اور ہو رہے ہیں۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان ترک صدر کے ثالثی وفد پر بیان کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ترک وفد کا دورہ نائب صدر کے غیر ملکی دوروں کی وجہ سے التوا کا شکار ہوا۔ بہت سے ممالک نے پاکستان افغان ثالثی کی بات کی ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 18

کر لیے۔ موبائل فون سے بھتا خوروں کے خلاف شواہد برآمد ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ملزمان نے کار شوروم اور ماربل فیکٹری کے مالک سے بھتا مانگا تھا۔ اطلاعات کے مطابق فون کال بین الاقوامی نمبر سے کی گئی تھی، فیکٹری مالک کو دو گولیاں ایک پارسل میں بھیجی تھیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 19

اور تخلیقی صلاحیتوں کو سامنے لانے کا موقع فراہم کرے گا۔ رواں سال سائیکون مقابلے میں شہر کے 25 سے زائد اسکولوں اور کالجوں سے تعلق رکھنے والے 450 سے زائد طلبہ شریک ہیں۔ اس دو روزہ سائنسی مقابلے میں یہ طلبا مختلف مقابلوں اور سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں، جسکا مقصد ان کے علم، مہارت اور جدت پر مبنی سوچ کو جانچنا ہے۔ اس مقابلے میں وسیع اقسام کے ماڈیولز کو شامل کیا گیا ہے جن میں ڈیکرپٹیکا کائنیٹک کاسکیڈ، مارکیٹ میہم اور سائلنٹ ٹیسٹی منی قابل ذکر ہیں۔ یہ ماڈیولز طلبا کے سائنسی تصورات سے آگہی اور انہیں عملی طور پر استعمال کرنے کی صلاحیت کو جانچنے کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں۔ بیکن ہاس جوبلی کیمپس کی پرنسپل تابندہ رضا نے بتایا کہ ہمیں خوشی ہے کہ SCICON6.0 کی میزبانی کا اعزاز ہمیں حاصل ہوا ہے۔ یہ پلیٹ فارم جدت، تحقیق اور تخلیقی سوچ کو فروغ دیتا ہے۔ ہمارے طلبا نے اسے کامیاب بنانے کے لیے بھرپور محنت کی ہے، اور ہمیں یقین ہے کہ یہ تمام شرکا کے لیے ایک یادگار تجربہ ثابت ہوگا۔' اس سائنسی مقابلے میں کراچی بھر کے بڑے تعلیمی اداروں بشمول بیکن ہاس پی ای سی ایچ ایس، ڈیفنس، ڈسکوری سینٹر، کے جی ایس، نکسر، سیڈار، اور انڈس اسکول سمیت دیگر قابل ذکر اسکولز نے شرکت کر کے اپنی بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس مقابلے میں سرکاری اسکولوں اور کالجز کی بھی نمائندگی رہی جس سے اس میں شرکت کرنے والے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے طلبا کو ساتھ رکھنے کی سوچ بھی اجاگر ہوتی ہے۔ بیکن ہاؤس جوبلی کیمپس میں او لیول سیکشن کی ہیڈ مسٹریس حمیرا خالد نے کہا، مجھے پوری امید ہے کہ SCICON6.0 بھرپور کامیابی حاصل کرے گا جس میں طلبا اپنی غیر معمولی صلاحیت اور جدت انگیز آئیڈیاز پیش کریں گے۔ امید ہے اس سائیکو۔ن سے طلبہ کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ یہ سائنسی مقابلہ سائیکون 6.0 تمام شرکا کے لیے ایک یادگار سرگرمی بننے جا رہا ہے، جس میں دلچسپ مقابلے، کارآمد سیشنز اور انڈسٹری ماہرین سے رابطے قائم کرنے کے مواقع بھی شامل ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 20

کے خاندان کیلئے انتہائی مشکل دور تھا۔ حسن احمد کے مطابق اغوا کے دوران انہیں اندھیرے میں رکھا گیا، جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کارروائی کر کے انہیں بازیاب کرایا۔ اداکار نے بتایا کہ صدمہ اس قدر شدید تھا کہ صحت یاب ہونے میں کافی وقت لگا۔ انہوں نے کہا کہ اغوا کے دنوں میں انہوں نے محسوس کیا کہ شاید انہوں نے زندگی میں کوئی غلطی کی ہے، اسی لیے رہا ہونے کے بعد انہوں نے گھر پہنچتے ہی سب سے معافی مانگی، حتیٰ کہ گھریلو ملازمین کے قدم بھی چومے۔ اداکار کے مطابق اس واقعے نے ان کی ذہنی صحت پر گہرا اثر چھوڑا۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 21

کیا۔ فضائی میزبان آصف نجم نے ٹورنٹو سے لاہور آنے والی پرواز پر رپورٹ نہیں کیا۔ معاملے کی جانچ کی جا رہی ہے۔ آصف نجم 16 نومبر کو لاہور سے ٹورنٹو کی پرواز سے کینیڈا پہنچا تھا، 19 نومبر کی فلائٹ سے ٹورنٹو سے کریو ممبر نے واپس لاہور پہنچنا تھا۔ آصف نجم 16 سے 19 نومبر کے دوران ہوٹل سے غائب ہوا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی پی آئی اے کے کئی ملازمین بیرون ملک لاپتا ہو چکے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ غیر قانونی طور غائب ہونے کی صورت میں فضائی میزبان کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 22

ورتھ اور آسٹن کے کیئر چیپٹرز نے جمعرات کو داخل کیا، جس کا مقصد گورنر پر کلیٔمیشن کو روکنا ہے۔ جس میں کیئر کو غیر ملکی دہشت گرد تنظیم قرار دے کر اس پر ٹیکساس میں زمین خریدنے پر پابندی عائد کی گئی تھی۔ کیئر کے مطابق گورنر نے بغیر کسی نوٹس، شواہد یا سماعت کے ایک امریکی فلاحی تنظیم کو دہشتگرد قرار دیا، جو وفاقی اور ریاستی قانون دونوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 23

کے مطابق جاں بحق ہونے والے نوجوانوں کی شناخت بان بازار کے رہائشی ریحان گدی اور اسامہ گدی کے نام سے ہوئی ہے۔ حادثے کے بعد دونوں کی لاشیں ضروری قانونی کارروائی کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ حادثے کے ذمہ دار ٹینکر ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا ہے جبکہ ٹینکر کو بھی تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 24

پیش کیا گیا جبکہ انہوں نے شہدا پولیس بدین کی یادگار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ افتتاح کے موقع پر ڈی آئی جی ڈرائیونگ لائسنس، ایس ایس پی بدین، ڈی سی بدین اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ آئی جی سندھ نے برانچ کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا، جہاں ڈی آئی جی ڈرائیونگ لائسنس نے انہیں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی آئی جی کے مطابق بدین، ڈویژنل شہروں کے بعد پہلا ضلع ہے جہاں بین الاقوامی لائسنس پرمٹ سمیت تمام سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ بارہویں ڈرائیونگ لائسنس برانچ ہے اور اب تک ساڑھے تین لاکھ لرنر لائسنس جاری کیے جا چکے ہیں۔ جنیوا کنونشن 1968 کے تحت اس لائسنس کو عالمی سطح پر اہمیت حاصل ہے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ اس برانچ سے ضلع بدین کے عوام کو بڑا فائدہ پہنچے گا اور یہاں کمرشل لائسنس بھی جاری کیے جائیں گے۔ ڈی آئی جی نے مزید کہا کہ میرپورخاص اور تھرکول پراجیکٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام جدید سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیفٹیک کے لیے ڈرائیورز ٹیسٹنگ سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ تین سال کی محنت کے بعد اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچتے دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ اس برانچ کو تجربہ کار اور فرض شناس افسران کے ذریعے چلایا جائے گا اور اس کی تعمیر بھی پولیس اسٹاف نے خود کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس فورس سال کے 365 دن عوام کی خدمت کرتی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ عوام دل سے پولیس کی عزت کریں۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی کے بعد دیگر شہروں میں بھی ٹریفک اہلکاروں کو باڈی وارن کیمروں سے لیس کیا جا رہا ہے، جس سے خلاف ورزی اور اہلکار کے رویے کی مکمل ریکارڈنگ ممکن ہوگی۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ صوبے میں پولیسنگ کو فیس لیس اور ڈیجیٹل سسٹم کی طرف لے جایا جا رہا ہے، جس سے شفافیت اور عوامی سہولت میں اضافہ ہوگا۔ آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے میرپورخاص میں پولیس افسران و جوانوں کے اعزاز میں منعقدہ بڑے کھانے میں بھی شرکت کی۔ ان کی آمد پر ڈی آئی جیز میرپورخاص، شہید بےنظیر آباد اور مختلف اضلاع کے ایس ایس پیز نے پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر میرپورخاص اور متعدد صوبائی و وفاقی اداروں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ آئی جی سندھ نے تقریب میں افسران و جوانوں میں اسناد تقسیم کیں، جبکہ افسران کی جانب سے انہیں یادگاری شیلڈ بھی پیش کی گئی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 25

خطاب میں مراد علی شاہ نے کہا کہ گیم بیسڈ لرننگ سے خواندگی و عدد شناسی میں واضح بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق حکومت کی ذمہ داری ہے کہ بچوں کو تعلیم دی جائے، ہمیں اسکول سے باہر ہر بچے کو ڈیجیٹل مائیکرو اسکول میں شامل کرنا ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ میں ایکسلیریٹڈ ڈیجیٹل لرننگ پروگرام اگست 2023 میں شروع ہوا جس کا موضوع ہے مل کر ترقی کی جانب بڑھیں، سندھ کو متحرک کریں۔ ان کا کہنا ہے کہ اے ڈی ایل پی کا مقصد دور دراز علاقوں میں معیاری تعلیم کی مساوی رسائی کو یقینی بنانا ہے، اسکول سے باہر ہر بچے کو ڈیجیٹل مائیکرو اسکول میں شامل کرنا ہے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ اے ڈی ایل پی میں 53.49 فیصد لڑکیاں اور 46.51 فیصد لڑکے شامل ہیں، پروگرام نے تمام اہداف، سنگ میل اور ٹائم لائنز مکمل کی ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 26

دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ لیاری کے علاقے مرزا آدم خان روڈ دھوبی گھاٹ کے قریب پولیس مقابلے میں دو ڈاکو 47 سالہ کامران ولد غلام صمدانی اور 35 سالہ عابد ولد خان محمد زخمی ہوئے، جنہیں چھیپا رضا کاروں نے فوری طور پر سول اسپتال منتقل کیا۔ اسی طرح گارڈن پولیس نے لیاری مرزا آدم خان روڈ جھنڈا چوک کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران مزید دو زخمی ڈاکوں کو گرفتار کیا جبکہ ان کے دو ساتھی موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ڈاکوؤں کی شناخت عابد عرف ٹڈی دل اور کامران عرف کامی کے ناموں سے کی گئی ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان سے نائن ایم ایم پستول، ٹی ٹی پستول، موبائل فون، نقدی اور چھینی گئی موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 27

دورے پر ہیں، جہاں انہوں نے چوتھے یورپی یونین انڈو پیسفک فورم میں شرکت کی اور یورپی یونین کے عہدیداران سے ملاقاتیں کیں۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے ہنگری کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماں نے ہنگری میں طلبہ کے لیے وظائف پر ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے۔ اس کے علاوہ اسحاق ڈار نے ڈینش، سلوانین اور ڈچ وزرائے خارجہ سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے بتایا کہ یورپی یونین سے قبل وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے 17 تا 18 نومبر ماسکو کا دورہ کیا، جہاں وہ ایس سی او کے سربراہان حکومت کے اجلاس میں شریک ہوئے۔ وزیر خارجہ نے ماسکو میں روسی صدر، وزیراعظم اور وزیر خارجہ سے ملاقاتیں بھی کیں۔ انہوں نے ایس سی او اجلاس میں افغانستان سے تعلقات پر تبادلہ خیال کیا، بعدازاں ایس سی او نے اکنامک کوآپریشن پر جوائنٹ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ اسرائیلی افواج کی مقبوضہ مغربی کنارے میں جارحیت اور مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ بھارت میں لال قلعہ بم دھماکوں میں بڑی تعداد میں گرفتاریاں ہوئیں۔ زیادہ تر گرفتار شدہ افراد کا تعلق بھارتی مقبوضہ کشمیر سے ہے۔ بھارت مسلسل مقبوضہ کشمیر میں آبادی کے تناسب میں تبدیلی کی کوششیں کر رہا ہے۔ پاکستان عالمی برادری، اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورمز سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں پر نوٹس لینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ حسینہ واجد کو سنائی گئی پھانسی کی سزا پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ بنگلا دیش کا اندرونی معاملہ ہے۔ بنگلا دیش کا اپنا آئین اور قانون موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ بارڈر بندش اور تجارت پر پالیسی برقرار ہے۔ اس کی وجہ افغان طالبان ہیں جو دہشت گردوں کو سپورٹ کر رہے ہیں۔ طالبان ان افغان شہریوں کو بھی روکیں جو پاکستان میں دہشتگردی کر رہے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ ہم نے افغانستان کے ساتھ تجارت معطل کی ہے، جس کی وجہ افغانستان کی جانب سے دہشتگردوں کو سپورٹ کرنا ہے۔ افغانستان کی سرزمین مسلسل پاکستان کے خلاف دہشتگردی میں استعمال ہو رہی ہے۔ افغان شہری افغانستان کی سرزمین سے مسلسل پاکستان پر حملہ اور ہو رہے ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 28

ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اگر ایوان اور عدالتیں ہمیں انصاف فراہم نہیں کریں گی تو سڑکوں پر جائیں گے، عوامی رابطہ مہم چلائیں گے اور عوام سے بات کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی میں 17 سال کا قبضہ اب ختم ہونا چاہیے، پاکستان میں جاگیردارانہ جمہوریت ہے، صوبہ انتظامی یونٹ ہوتا ہے، آبادی کے ساتھ بڑھنا چاہیے، یہ ایم کیو ایم کا مطالبہ نہیں آئین کا تقاضا ہے۔ دوسری جانب گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ کراچی اور حیدرآباد کے لیے ایم کیو ایم پاکستان نے لڑ کر چیلنج لیا، صحیح معنوں میں چیلنج تو تب آئے گا جب ایم کیو ایم پاکستان صوبے کی حکمرانی کرے گی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 29

انکوائری آفیسر مقرر کر دیا۔ سرکاری مراسلے میں کہا گیا ہے کہ غیر قانونی تعمیرات میں ملوث افسران اور عناصر کی نشاندہی کے لیے شفاف اور جامع انکوائری کی جائے۔ ڈائریکٹر ویجیلنس کی فراہم کردہ تفصیلات بھی انکوائری کا حصہ بنائی گئی ہیں تاکہ معاملے کی تمام جہتوں کا مکمل جائزہ لیا جا سکے۔ ڈی جی ایس بی سی اے نے واضح کیا کہ ادارے کی پالیسی غیر قانونی تعمیرات کے خلاف زیرو ٹالرنس ہے اور ذمہ داران کے خلاف سخت محکمہ جاتی کارروائی میں کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ صوبہ سندھ کے وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ ای چالان صرف کراچی والوں کیلئے ہے، جرمانے کم نہیں کیے جائیں گے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو میں ناصر حسین شاہ کا کہنا تھا کہ سندھ سالڈ ویسٹ بورڈ کی میٹنگ تھی، سندھ میں ڈویژنل بورڈ کو ایکٹو کیا جا رہا ہے، کراچی میں ہر جگہ پر اس کو بہتر کیا جائے گا، گھروں سے کچرا اٹھانے کا سلسلہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ایسے بیانات دے کر خود کو مضبوط کر رہی ہے، میں نے ایم کیو ایم جماعت اسلامی سب سے رابطہ کیا ہے، وہ شوشے چھوڑتے رہے ہیں ایم کیو ایم نے نئے صوبے کا بھی شوشا چھوڑا تھا، اگر گرمی ہوتی تو ہم ان کو ٹھنڈا شربت پلاتے، ان کو ایسی باتیں کرنے دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ای چالان صرف کراچی والوں کیلئے ہے، جرمانے کم نہیں کیے جائیں گے، کراچی کو بہتر کرنے کیلئے ہم سب کو مل کر چلنا چاہیے۔ ناصر شاہ کا مزید کہنا تھا کہ لوکل گورنمنٹ کو با اختیار کیا جا رہا ہے، ایم کیو ایم نے بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار کیوں اختیار کی، پی ٹی آئی نے پنجاب میں بلدیاتی نظام ہی ختم کر دیا تھا۔ خیال رہے کہ گزشتہ دنوں خبر سامنے آئی تھی کہ عوامی مطالبے کے پیش نظر سندھ میں ای چالان کے مختلف جرمانوں کی رقم میں کمی کرنے یا نہ کرنے کیلئے بات چیت جاری ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 30

ہوئی۔ ترجمان دفترِ خارجہ کے مطابق دونوں رہنماں کی ملاقات کے دوران پاکستان اور جرمنی کے تعلقات کے مثبت رجحان پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دفاع، سیاسی، معاشی، تجارت، سرمایہ کاری اور تعلیمی شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ نائب وزیر اعظم نے پاکستان کے لیے جرمنی کی 114 ملین یورو کی معاونت کو سراہا، معاونت کا محور ماحولیات، توانائی ٹرانزیشن، پائیدار معاشی ترقی، ووکیشنل ٹریننگ اور سماجی تحفظ ہے۔ اسحاق ڈار نے جرمن قیادت کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی جمہوریہ سلووینیا کی نائب وزیراعظم، خارجہ اور یورپی امور کی وزیر تنجا فاجون سے برسلز میں ملاقات ہوئی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات برسلز میں منعقد ہونے والے چوتھے یورپی یونین انڈو پیسیفک وزارتی فورم کے موقع پر ہوئی۔ دوران ملاقات پاکستان اور سلووینیا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے ساتھ ساتھ یورپی یونین کے وسیع تر فریم ورک کے اندر تعاون کو وسعت دینے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اور جمہوریہ سلووینیا کے مابین باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے پاکستان اور سلووینیا کے مابین تجارتی واقتصادی تعاون کو بڑھانے پر زور دیا۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 31

کے کھلاڑیوں کی کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پہلا اور تیسرا انعام قابل تعریف ہے۔ بلائنڈ ٹیم، سمیت ہر شعبے میں پاکستان کھیل میں چھا رہا ہے۔ ہم ہاکی، فٹ بال اور ہر کھیل میں کامیابی کے لئے دعا گو ہیں۔ ارشد ندیم اور تمام کامیاب کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 32

فیکٹری کے اندر بوائلر پھٹنے سے دھماکے کے نتیجے میں 19 افراد جاں بحق جبکہ 7 زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق دھماکے کی شدت اس قدر زیادہ تھی کہ فیکٹری کے اطراف میں موجود کئی گھروں کی چھتیں بھی گر گئیں۔ دھماکے کے باعث فیکٹری سے ملحقہ ایک گھر کی چھت گرنے سے میاں بیوی اور ان کے دو بچے ملبے تلے دب کر جاں بحق ہو گئے جبکہ مجموعی طور جاں بحق ہونے والوں میں چھ بچے دو خواتین دو بزرگ اور فیکٹری ملازم شامل ہیں۔ علاقہ مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ملبے سے لاشوں کو نکالا۔ ریسکیو ٹیموں نے جائے حادثہ پر امدادی کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا ہے۔ حکام نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ مزید افراد بھی ملبے تلے دبے ہو سکتے ہیں، جس کے پیشِ نظر سرچ آپریشن کو مزید تیز کر دیا گیا ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 33

کیے، جس میں انکشاف کیا گیا کہ سندھ کے بڑے شہروں میں چینی کی قیمت 200 روپے ہو گئی۔ ایک ہفتے میں سکھر میں چینی کی فی کلو قیمت میں 24 روپے کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا، حیدرآباد اور لاڑکانہ میں چینی کی قیمت 15 روپے فی کلو بڑھ گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ایک ہفتے میں کراچی میں چینی کی فی کلو قیمت میں 5 روپے تک اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، پشاور میں چینی کی فی کلو قیمت 200 روپے تک ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت کوئٹہ میں 214 روپے تک ہے، ادھر دارالحکومت اسلام آباد میں قیمت 195 اور پنجاب بھر میں 190 روپے فی کلو تک ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ایک ہفتے میں خضدار میں چینی کی فی کلو قیمت 15 روپے تک بڑھی، جس کے بعد قیمت 210 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت میں 4 روپے 14 پیسے کا اضافہ ہوا، قیمت بڑھ کر 189 روپے 61 پیسے ہو گئی اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے تک ملک میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت 185 روپے 47 پیسے تھی جبکہ ایک سال قبل ملک میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت 131 روپے 88 پیسے تھی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 34

کلب میں سینئر صحافی اطہر جاوید صوفی کی سالگرہ کی تقریب میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اس موقع پر پی ٹی وی کراچی کے جنرل منیجر امجد حسین شاہ، سینئر پروڈیوسر اقبال لطیف، کامیڈین حنیف راجہ، کاشف خان، گلوکار حسن جہانگیر، تنویر آفریدی، گلوکارہ شبانہ کوثر، شازیہ کوثر، سینئر صحافی مقصود یوسفی، اے اچ خان زادہ، سیکریٹری کراچی پریس کلب سہیل افضل، پرویز مظہر، عبدالوسیع قریشی، رضوان صدیقی، ولی اللہ، ارشد ملک، سردار لیاقت، نیو پورٹ کے نادر علی پی ٹی سی ایل یونین کے سابق عہدے دار صابر حسین، جاوید صوفی کے صاحبزادے عمیر جاوید سمیت دیگر مہمانانِ گرامی نے اطہر جاوید صوفی کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد دی اور ان کی صحت کے ساتھ لمبی عمر کی دعا کی گئی۔ مصطفیٰ قریشی نے مزید کہا کہ اطہر جاوید صوفی اور ان کے قبیلے کے لوگ آج بھی اپنے قلم کے ذریعے پاکستان کی فلم انڈسٹری کی خدمت کر رہے ہیں جس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اداکار حنیف راجہ نے کہا کہ اطہر جاوید صوفی نے بہت سے فنکاروں کو پروان چڑھایا ہے اقبال لطیف نے کہا کہ ہم دونوں اسکول کے زمانے کے ساتھی ہیں۔ امجد حسین شاہ نے کہا کہ اطہر جاوید صوفی کی صحافت کے شعبے میں بہت نمایاں خدمات ہیں۔ حسن جہانگیر نے کہا کہ اطہر جاوید صوفی وہ شخصیت ہیں جو فنکاروں میں ہر دلعزیز ہیں۔ تنویر آفریدی نے کہا کہ صوفی بھائی اپنی ذات میں انجمن ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 35

اور ریلوے آنکھیں بند کر کے بیٹھا تھا، زمین کی واگزاری کے لیے کسی نے ریلوے کے ہاتھ نہیں باندھ رکھے۔ جسٹس حسن رضوی جسٹس اور کے کے آغا پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ ریلوے نے ملکیتی زمین کی واپسی کے لیے کیا اقدامات اٹھائے؟ ریلوے اراضی پر تجاوزات و قبضہ کے ذمہ داران آفیشل کے خلاف ریلوے نے کیا کارروائی کی؟ تفصیلی رپورٹ دی جائے۔ جسٹس حسن رضوی نے ریمارکس دیے کہ ریلوے ملکیتی زمین پر قبضہ و تجاوزات کو روکنے والا کوئی ہے یا نہیں، ریلوے کی زمین قوم کی امانت ہے۔ قیام پاکستان کے وقت کتنی ٹرینیں چلتی تھیں، آج ریلوے کی ٹرینوں اور پٹڑیوں کی تعداد آدھی رہ گئی ہے۔ جسٹس حسن رضوی نے ریمارکس دیے کہ ریلوے کے بہترین کلب اور اسپتال تھے لیکن وہ بھی ختم ہو گئے، ریلوے کی زمین پر کچی آبادیاں انڈسٹری اور گوٹھ بن گئے ہیں۔ کیا ریلوے کو تجاوزات اور قبضے کے لیے زمین دی گئی تھی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 36

وی آئی پی گیٹ کے قریب فائرنگ سے اسپورٹس کے سامان کی دکان کے مالک محمد شبیر کے قتل کا مقدمہ بیٹے کی مدعیت میں درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق 19 نومبر کی رات 10 بج کر 20 منٹ کے قریب محمد شبیر اپنے دکان کے ملازمین احمد رضا اور شرجیل علی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر گھر جا رہے تھے کہ مزار قائد کے وی آئی پی گیٹ کے قریب ان پر فائرنگ کی گئی۔ دونوں ملازمین کے مطابق پینٹ شرٹ میں ملبوس دو مسلح ملزمان نے ان پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں محمد شبیر شدید زخمی ہو گئے۔ ملازمین نے انہیں سول اسپتال منتقل کیا لیکن وہ راستے میں ہی دم توڑ گئے۔ مدعی مقدمہ عابد علی جو کہ مقتول کا بیٹا ہے نے بتایا کہ جیسے ہی اسے فائرنگ کی اطلاع ملی، وہ فوراً اسپتال پہنچا، جہاں اسے اپنے والد کے انتقال کی خبر ملی۔ عابد علی کا کہنا تھا کہ وہ اور اس کے والد کے ملازمین ملزمان کو جانتے ہیں اور انہیں شناخت کر سکتے ہیں۔ اس واقعے کے بعد جمشید کوارٹر پولیس نے مقدمہ نمبر 785/2025 بجرم دفعہ 302 اور 34 کے تحت درج کر لیا ہے، اور مزید تحقیقات کے لیے انچارج انویسٹی گیشن سی آئی سی فیروز ڈویژن کو مقدمہ منتقل کر دیا گیا ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 37

مصطفیٰ عامر قتل کیس کی سماعت ہوئی، جس میں ملزمان ارمغان اور شیراز کو جیل حکام نے پیش کیا۔ ملزم ارمغان کے والد اور والدہ بھی عدالت میں موجود تھے جبکہ ملزم شیراز کے وکیل عظیم خواجہ نے نمائندگی کی۔ عدالت نے ملزم ارمغان سے سوال کیا کہ آپ کا وکیل کہاں ہے، جس پر ملزم کے والد کامران قریشی نے کہا کہ وہ بغیر وکیل کے کیس کی پیروی کرنا چاہتے ہیں۔ ملزم کی والدہ نے موقف اختیار کیا کہ اس کیس میں سزا بہت زیادہ ہے، اس لیے وکیل مقرر کریں گے۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو ہدایت کی کہ اپنا جھگڑا باہر نمٹائیں اور آئندہ سماعت پر اپنے وکیل کے ہمراہ پیش ہوں۔ مقتول مصطفیٰ عامر کو ڈیفنس میں قتل کیا گیا تھا اور ان کی لاش حب بلوچستان سے برآمد ہوئی تھی۔ عدالت نے سماعت 5 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 38

کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اینٹی نارکوٹکس فورس فورس کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 الگ الگ کارروائیوں میں نائیجیرین باشندے سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر کے مجموعی طور پر 417.69 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی، جس کی مالیت 37 کروڑ 50 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔ کراچی میں کوریئر آفس پر چھاپے کے دوران برطانیہ بھیجے جانے والے پارسل میں لیڈیز پرس کے اندر چھپائی گئی 93 گرام ہیروئن پکڑی گئی۔ اسی طرح کراچی ہی میں ایک اور کارروائی میں موٹر سائیکل سوار سے 348 ہزار ڈائزیپام گولیوں کا ذخیرہ برآمد ہوا جن کا وزن 106.8 کلوگرام تھا۔ اسلام آباد ایکسپریس وے پر بس اسٹاپ سے ایک نائیجیرین شہری کو گرفتار کیا گیا جس کے قبضے سے 75 گرام کوکین ملی۔ ادھر جی ٹی روڈ پشاور میں بس اسٹاپ کے قریب گاڑی سے 9.6 کلوگرام افیون برآمد کی گئی اور ملزم کو موقع پر ہی حراست میں لے لیا گیا۔ پشاور کے ناصر باغ روڈ پر یونیورسٹی ٹاور کے پاس گاڑی سے ایک کلوگرام آئس برآمد کی گئی جب کہ ملزم کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ بلوچستان میں ماسٹر پلان ڈسٹرکٹ چمن سے 300 کلوگرام ہیروئن برآمد ہوئی جب کہ چمن بارڈر پر لاوارث خفیہ پارسل سے 130 گرام کوکین ملی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق تمام کارروائیوں میں گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 39

جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے اجتماع عام کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں نے ابراہم اکارڈ کا حصہ بننے کا سوچا تو عبرت کا نشان بنا دیں گے، کشمیر پر سودے بازی بھی کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ آج مینار پاکستان کا دامن شرکا کے لیے چھوٹا پڑ گیا ہے، اس اجتماع میں ملک بھر سے لوگ شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا یہ تاریخی اجتماع نا صرف پاکستان کے لیے اتحاد یگانگت کی علامت بن گیا ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی امت مسلمہ کا نمائندہ ہے، ہفتہ کو بین الاقوامی سیشن میں 150 کے قریب غیر ملکی مندوبین شریک ہوں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ کوئی بھی سیاسی جماعت حتیٰ کہ حکومت بھی اتنا بڑا اجتماع نہیں کر سکتی، ہم خاندانی اجارہ داری اور اسٹیبلشمنٹ کے اشاروں پر چلنے والی جماعت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک پر مافیاؤں کا راج ہے جسے ختم کریں گے، پاکستان شہباز شریف، عمران خان، عاصم منیر یا آصف زرداری کا نام نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کا نام پاکستان ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 40

جاری کر دیا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے آئینی عدالت کے قیام کے بعد اپنا پہلا پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ آئین کی تشریح شفافیت، آزادی اور دیانت سے کی جائے گی، اس عدالت کا قیام ہماری قومی آئینی جدوجہد میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ آئینی عدالت پاکستان کے چیف جسٹس نے بنیادی حقوق کا تحفظ آئینی عدالت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے شفافیت اور عوامی رسائی کو اہم سنگ میل قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ریاستِ پاکستان کے قانون کی حکمرانی اور آئینِ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دیرپا وعدے سے ہماری اجتماعی وابستگی کی تجدید کرتا ہے، اس عدالت کو ایک نہایت اہم اور نازک فریضہ سونپا گیا ہے۔ امین الدین خان نے کہا کہ اس عدالت کا کردار صرف قضائی نہیں، بلکہ ایک مقدس امانت ہے جو قوم کے شہریوں کی زندگیوں، آزادیوں اور امنگوں پر براہِ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اپنے ادارہ جاتی سفر کے آغاز پر ہمارا عزم ہے کہ ایک ایسا عدالتی فورم قائم کیا جائے جو دیانت، غیر جانب داری اور علمی بصیرت کی اعلیٰ مثال ہو۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہمارے سامنے آنے والا ہر معاملہ آئین کی بالادستی، انصاف کے اصولوں اور عدالتی وقار کے ساتھ غیر معمولی احتیاط اور منصفانہ انداز میں نمٹایا جائے گا، ہم ایسی عدالتی روایت تشکیل دینے کی خواہش رکھتے ہیں جو مدلل فیصلوں، ادارہ جاتی وقار اور عوامی اعتماد پر مبنی ہو، یہی خصوصیات کسی بھی آئینی عدالت کی بنیاد ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی آئینی عدالت کے پہلے چیف جسٹس کی حیثیت سے میں اسے اپنے لیے اعزاز سمجھتا ہوں کہ مجھے اس ادارے کی بنیادوں کی تشکیل میں حصہ ڈالنے کا موقع ملا۔ جسٹس امین الدین خان نے مزید کہا کہ میری دلی خواہش ہے کہ وفاقی آئینی عدالت پاکستان میں آئینی بالادستی کی محافظ اور آنے والی نسلوں کے لیے عدل وانصاف کی ایک مضبوط علامت بن کر قائم رہے، اللہ تعالیٰ ہمیں دانش، انکسار اور آئین سے غیر متزلزل وابستگی کے ساتھ اپنے فرائض ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 41

دلدار پٹھان اور جنرل سیکرٹری ایڈوکیٹ امیر آزاد پھنور کی قیادت میں چھبیسویں، ستائیسویں اور مجوزہ اٹھائیسویں آئینی ترامیم کے خلاف احتجاجاً عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کیا ہے۔ عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کی وجہ سے وکلا عدالتوں میں پیش نہیں ہوئے۔ وکلا کا کہنا تھا کہ ترمیم کے خاتمے اور آئین کی مکمل بحالی تک ہمارا احتجاج جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلط حکومت نے زبردستی اور جبری غیر جمہوری انداز میں آئین میں ترمیم کی ہے جو آئین پاکستان کی توہین اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے خلاف ایک سنگین عمل ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 42

نے کہا کہ مخدوم امین فہیم نہ صرف جمہوری جدوجہد کے مضبوط ستون تھے، بلکہ ثابت قدمی، شائستگی اور رواداری کی علامت بھی تھے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے مزید کہا کہ مخدوم امین فہیم نے پارٹی قیادت کی تین نسلوں کے ساتھ مل کر عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کی اور ہر آزمائش اور مشکل گھڑی میں پارٹی کے ساتھ کھڑے رہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مخدوم امین فہیم کا خلا کبھی پر نہیں ہو سکتا اور وہ ہمیشہ دلوں میں زندہ رہیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری کے مطابق مخدوم امین فہیم کی خدمات اور پارٹی کے لیے ان کے عزم کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اور ان کے اصول واقدار نئے رہنماں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 43

ٹورنامنٹ کی میزبانی سے محروم ہو گیا۔ 40 برس سے زائد العمر کرکٹرز کا میگا ایونٹ اب گیانا میں منعقد ہو گا جس میں دنیا کی معروف ٹیمیں شرکت کریں گی۔ واضح رہے کہ رواں سال اوور 40 عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کی میزبانی پاکستان کر رہا ہے۔ افتتاحی میچ ہفتہ کو نیشنل بینک اسٹیڈیم پر میزبان پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان کھیلا جائے گا۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 44

ڈی جی رینجرز کو خط ارسال کر دیا جس میں انھوں نے رینجرز سے مدد طلب کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے حلقے پی ایس 121 اورنگی ٹاؤن میں جوا عام ہو گیا۔ جرائم پیشہ افراد کی جانب سے علاقے میں جابجا جوئے کے اڈے قائم ہیں اور ایک منظم انداز میں علاقے کی عوام کو جوئے کی لعنت میں مبتلا کیا جا رہا ہے۔ علاقے کے جو مہذب شہری جوئے کے خلاف آواز اٹھاتا رہا ہیں انھیں ڈرایا اور دھمکایا جا رہا ہے، بارہا شکایتوں کے باوجود علاقہ پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کچھ کرنے کو تیار نہیں۔ پولیس کی مجرمانہ خاموشی کے سبب اورنگی کی عوام خوف کے سائے تلے زندگی بسر کرنے پر مجبور ہے۔ خط میں ایم پی اے نے ڈی جی رینجرز سے جوئے جیسے آرگنائز کرائم کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 45

65 ہزار 708 روپے کی قیمت پر برقرار ہے۔ مزید برآں عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 4042 ڈالر فی اونس برقرار ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سونے کی فی تولہ قیمت میں 5 ہزار روپے کی بڑی کمی ریکارڈ کی گئی تھی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 46

حالت میں گرفتار ملزم عظمت کو اسپتال منتقل کیا گیا ہے جبکہ دوسرے ملزم اشوک کو تھانے منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سے پستول، موٹر سائیکل، موبائل فون، خواتین سے چھینا گیا پرس اور دیگر سامان برآمد ہوا ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق دونوں ملزمان اسٹریٹ کرائم کی درجنوں وارداتوں میں ملوث رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ گروہ شاپنگ مالز، شادی ہالز اور ریسٹورانٹس کے باہر زیادہ تر خواتین کو نشانہ بناتا تھا۔ واقعے کے وقت بھی ملزمان ایک فیملی کی خاتون سے پرس چھین کر فرار ہو رہے تھے کہ پولیس نے انہیں پکڑ لیا۔ سچل پولیس کے مطابق ملزمان کے مزید ساتھیوں کی تلاش جاری ہے اور گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کیے جا رہے ہیں۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 47

مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ گورنر سندھ کامران ٹیسوری کو اختیار نہیں کہ وہ سیاسی باتیں کریں۔ صوبے کا گورنر بعد میں، ایم کیو ایم کا کارکن پہلے ہوں: گورنر سندھ کامران ٹیسوری ان کا کہنا ہے کہ کراچی میں دھونس دھاندلی نہیں ہو سکتی، پیپلز پارٹی نے کراچی کے حالات کو بہتر کیا ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ آرٹیکل 140 کے معاملے پر میدان میں آجائیں، باتوں سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ ان کا کہنا ہے کہ میرا سوال ن لیگ اور ایم کیو ایم تک پہنچا دیں کہ کیا پنجاب کا بلدیاتی نظام سندھ میں نافذ کر دیں؟ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے یہ سوال بھی اٹھایا ہے کہ ایم کیو ایم کے دوست فیصلہ کریں کہ پنجاب میں جو نظام نافذ کیا جا رہا ہے کیا وہ اس کے حامی ہیں؟۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 48

آیا، یکم جمادی الثانی اتوار 23 نومبر کو ہوگی۔ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیرِ صدارت لاہور میں ہوا۔ اجلاس کے بعد چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد نے جیو نیوز کو بتایا کہ ملک میں کہیں بھی جمادی الثانی کا چاند نظر آنے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، لہٰذا یکم جمادی الثانی اتوار 23 نومبر کو ہوگی۔ کراچی میں محکمہ موسمیات کے دفتر زونل رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی۔

### بقیہ روزنامہ تشکر 49

روبوٹ کاریں تیار کی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق پہلے مرحلے میں صدر اور طارق روڈ پر خودکار کیمروں سے لیس کاریں گشت کریں گی۔ 20 کلومیٹر کی رفتار سے چلنے والی روبوٹ کاریں نو پارکنگ میں کھڑی گاڑیوں کے ای چالان کریں گی۔ دوسری جانب سندھ حکومت کی مشاورت سے کراچی میں ای چالان کے جرمانوں کی رقم میں بڑی کمی پر سوچ بچار جاری ہے۔ واضح رہے کہ کراچی میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ای چالان کے جرمانے ملک کے دیگر علاقوں کی نسبت کراچی میں غیر معمولی زیادہ ہونے پر کافی لے دے ہو رہی ہے۔